Process Safety Beacon

http://www.aiche.org/CCPS/Publications/Beacon/index.aspx

Messages for Manufacturing Personnel

Sponsored by CCPS Supporters

June 2009

مت بھولیے سیفٹی ایک مشکل معیشت ہے

تقریباً ہر ملک معاشی بدحالی کے دور سے گزر رہا ہے۔ سیلز اور منافع میں کمی ہے اور ہر کمپنی سرمایہ کھو رہی ہے۔ پلانٹ کم پیداواری صلاحیت پر چل رہے ہیں۔ جیسے جیسے منافع کم ہو رہا ہے ویسے ویسے پیداواری لاگت جس میں افرادی قووت بھی شامل ہے، میں کمی کے لئے دباؤ میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ بار بار شٹ ڈاؤن اور اسٹارٹ اپ، کارخانے کو کم پیداواری صلاحیت پر چلانا محفوظ آپریشن اور ورکرز کے لئے تناؤ کا بائث بن رہا ہے۔ بڑھتا ہوا تناؤ ورکرز کی بے توجہی اور ان سے غلطیوں کا بائث بن سکتا ہے۔ اس بڑھتے ہوئے دباؤ کے باوجود کمپنی اور ورکرز کو سیفٹی اور پلانٹ کی سیفٹی بر توجہ دینی چاہیئے۔ ٹریننگ اور پریونٹو مینٹیننس دونوں سیفٹی اور دور رث فائدے کے لئے ضروری ہیں اور کسی بھی صورت مسالیحانہ نذرانداز نہیں ہونی چاہئیں۔ افرادی قووت میں کمی کا فیصلہ کرتے وقت مینجمنٹ آف چینج کو مد نظر رکھنا ضروری ہے۔ اس بات کا دھیان رکھنا بھی ضروری ہے کے افرادی قووت کو کم کرنے کی وجہ سے سیفٹی کریٹیکل سرگرمیاں متاثر نہ ہوں۔

> معاشی بدحالی کے دور میں بھی، پراسس سیفٹی کے احراجات کو برقرار رکھنا چاہئے۔۔۔ کمپنی کو ہر فیصلے میں پلانٹ، ورکرز، کانٹریکٹرز اور کمیونٹی کی سیفٹی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ لمبے عرصے میں جو کمپنیاں سیفٹی میں سرمایہ کاری کو جاری رکھتی ہیں وہی مستقبل میں فائدے کی فصل کاٹتی ہیں۔
>
> جان بریسلینڈ، چئرمین، یونائیٹڈ اسٹیٹس کیمیکل سیفٹی اینڈ ہیزرڈ انویس ٹی گیشن بورڈ

آپ کیا کر سکتے ہیں؟

۔ سیفٹی ویلیوز اور اسٹینڈرز پر تاکید مشکل معاشی صورت حال میں بھی لگاتار جاری رکھیں۔ ہمیں ہر حالت میں پراسس سیفٹی کو مرکز نگاہ میں برقرار رکھنا چاہیئے

۔ اپنی جگہ پر سیفٹی کریٹیکل سرگرمیوں کو سمجھیں اور اس بات کا دھیان رکھیں کے یہ کسی حال میں بھی مسالیحانہ نذرانداز نہیں ہوں

۔ کم طلب کے اس وقت کو سیفٹی سے متعلق اہم مینٹیننس، ترامیم اور اصلاح کے کاموں کے لئے کام میں لائیں۔ یہ وقفہ ان ضروری کاموں کو کرنے کے اہم موقع ہوتا ہے۔ مارکیٹ کی طلب کم ہو تو پلانٹ بند یا کم پیداواری صلاحیت پر بھی چلایا جا سکتا ہے

۔ اگر آپ جانتے ہیں کے کونسے سیفٹی کریٹیکل سازوسامان اور کریٹیکل سرگرمیاں پیداواری لاگت میں کمی سے بری طرح متاثر ہو رہی ہیں تو اس بات کا دھیان رکھنا ضروری کے مینجمنٹ اس بات سے آگاہ ہو۔ ہو سکتا ہے کے لاگت میں کمی کے فیصلے بغیر یہ جانے لئے گئے ہوں کے اسکا سیفٹی پر کیا اثر ہوگا

۔ تمام اثرات کو جاننے کے لئے مینجمنٹ آف چینج کو کام میں لانا چاہیئے۔ یہ چینج چاہے اسٹاف میں کمی کی صورت میں ہو یا پھر پیداوار کم کرنے کی۔ چاہے پیداواری منصوبہ بندی کی تبدیلی کی کوئی صورت ہو یا کوئی لاگت میں کمی لانے کی کوئی اور تدبیر

مختصر مدتی معاشی مشکلات کو طویل مدتی سیفٹی خسارے کا باعث نہ بنیں دیں

AIChE © 2009. All rights reserved. Reproduction for non-commercial, educational purposes is encouraged. However, reproduction for the purpose of resale by anyone other than CCPS is strictly prohibited. Contact us at ccps_beacon@aiche.org or 646-495-1371.

The Beacon is usually available in Afrikaans, Arabic, Chinese, Danish, Dutch, English, French, German, Greek, Gujarati, Hebrew, Hindi, Hungarian, Indonesian, Italian, Japanese, Korean, Malay, Marathi, Norwegian, Persian, Portuguese, Russian, Spanish, Swedish, Tamil, Thai, Turkish, and Vietnamese.